غزل

یہ جو دل میں پالی ہیں خواہشیں، بڑی چاہ سے بڑے چاؤ سے
ہیں ندی کنارے کی بستیاں، جو نہ بچ سکیں گی کٹاؤ سے

نظر آنے والے جو زخم تھے، چلو وہ تو بھر دیے وقت نے
مگر ان کا کیسے علاج ہو، جو لگے ہیں روح میں گھاؤ سے

یہ جو اتنی تند ہواؤں میں، کیا نصب خیمۂ آرزو
کہیں یہ نہ ہو کہ طنابِ جاں تری ٹوٹ جائے طناؤ سے

مری زندگی میں جب آئی ہے یہ شدید رت تو کہاں گئے
وہ جو گرمیوں میں تھے چھاؤں سے، تھے جو سردیوں میں الاؤ سے

مجھے کی گئی ہے یہ پیش کش، کہ سزا میں ہوں گی رعایتیں
جو قصور میں نے کیا نہیں، وہ قبول کرلوں دباؤ سے

مری زندگی کی جو ناؤ ہے، وہ سمندروں کے سفر میں ہے
کبھی ناؤ الجھی ہے موج سے، کبھی موج الجھی ہے ناؤ سے

فنِ نقدِ شعروسخن میں اب، انھیں استناد ملا جنھیں
نہ سمجھ زبان کے لوچ کی، نہ غرض ہے شعری رچاؤ سے

yeh jo dil mein paali hain khawahishen bari chah se bare chao se
hain nadi kinare ki bastian jo na bach sakeingi katao se

nazar aane waley jo zakhm the chalo woh to bhar diye waqt ne
magar un ka kese ilaj ho jo lage hain rooh mein ghao se

mri zindgi mein jab aai hai eh shadeed rut to kahan gaye
woh jo garmiyon mein the chhaon se,the jo sardion mein alao se

mujhey ki gai hai peshkash ke saza mein hoongi riayatein
jo qusoor main ne kiya nahin woh qabool karloon dabao se

yeh jo itni tund hawaon mein kiya nasb khema-e-aarzoo
kahin yeh na ho ke tanab-e- jaan tri toot jai tanao se

mri zindagi ki jo nao hai woh samandroon ke safar mein hai
kabhi nao uljhi hai mauj se kabhi mauj uljhi hai nao se

fun-e- naqd-e- sher o sukhanmein ab unhein iatanaad mila jinhen
na samajh zaban ke loch ki na gharaz hai fikri rachao se

Copyrights Reserved (C) By Author